# پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ

## پوسٹل بیلٹ پیپر

48واں سالانہ اجلاسِ عام جو جمعرات 24 اکتوبر 2024ء، صبح 11:00 بجے گرینڈ بال روم، پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، کراچی میں خصوصی امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا میں بذریعہ ڈاک ووٹ کے لیے؛ درست طریقے سے پُر کیے گئے پوسٹل بیلٹ پیپر اِس پتے پر بھیجنا ہوں گے؛ پی ایس او ہاؤس، خیابانِ اقبال، کلفٹن، کراچی۔ یو اے این: 776-111-92111+ ویب سائٹ: www.psopk.com ای میل پتہ: amir.ali@psopk.com

| | |
|---|---|
| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/نمائندے کا نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| تحویل میں شیئرز کی تعداد | |
| شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (فوٹو کاپی منسلک کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور دستاویزات (اگر نمائندہ کسی ادارے، کارپوریشن، یا وفاقی حکومت کا ہو) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (فوٹو کاپی منسلک کی جائے) | |

## خصوصی امور

**ایجنڈا نمبر 5**

اس قرارداد پر بطور خصوصی قرارداد، مع ترمیم/تبدیلی یا بلا ترمیم کے غور و خوض کرنا اور منظور کرنا:

پاکستان ریفائنری لمیٹڈ ("پی آر ایل") کے تخمینہ شدہ ایف ای ای ڈی (FEED) اخراجات کی باقی ماندہ ادائیگیوں کے معاملے کو بورڈ آف مینجمنٹ کے 26 اپریل 2024ء کو منعقدہ اجلاس میں پیش کیا گیا، جس میں مالی انتظامات کے لیے مختلف آپشنز پیش کیے گئے۔ تفصیلی غور و خوض اور پریزنٹیشنز کے بعد، بورڈ نے ادائیگی کے درج ذیل طریقہ کار کی منظوری کی سفارش کی، جو کہ سالانہ اجلاسِ عام (اے جی ایم) میں منظوری کے لیے پیش کی جا رہی ہے:

"**یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ** پی ایس او کے اراکین پی آر ایل کے ایف ای ای ڈی اخراجات کے لیے 3.15 ارب روپے یا اس کے مساوی امریکی ڈالرز کی رقم پی ایس او کی جانب سے پی آر ایل کو بطور قرضہ ادا کرنے کی منظوری دیتے ہیں۔

**مزید فیصلہ کیا گیا کہ** پی آر ایل کو قرض دینے کے لیے:

- پی ایس او مقامی بینکوں سے پاکستانی روپے میں قرض لے گی اور اسے مارکیٹ کی مسابقتی شرح (یعنی اُسی یا زیادہ پریمیم پر) پی آر ایل کو بطور قرض فراہم کرے گی، جو ایس ای سی پی کی جانب سے ضروری منظوری سے مشروط ہے۔
- پی آر ایل پاکستانی روپے میں لی گئی قرضے کی اس رقم سے امریکی ڈالر خریدے گی (فارورڈ یا اسپاٹ کنٹریکٹس کے ذریعے)، تاکہ حتمی ایف ای ای ڈی ادائیگیوں کی چکتائی کر سکے۔
- پی ایس او قرضے کی واپسی کا حق رکھتی ہے اور اسے قرض کو ایکوئٹی میں تبدیل کرنے کا اختیار رکھتی ہے، جو ضروری منظوری سے مشروط ہے۔ اس اختیار کو پی ایس او کے طویل مدتی مفادات کو مدّ نظر رکھتے ہوئے استعمال کیا جائے گا۔
- قرض کے ضمن میں، اگر پی آر ایل قرض کی واپسی میں ناکام ہو جائے تو اس قرض کی واپسی کے لیے پی ایس او کو (first Pari-Passu) حاصل ہوگا۔ یہ شرط پی آر ایل کے ساتھ مالی معاہدے کا حصہ بنائی جائے گی۔"

"**مزید یہ فیصلہ کیا گیا کہ** مذکورہ بالا کو عملی جامہ پہنانے کے مقصد کے لیے، مینیجنگ ڈائریکٹر اور سی ای او اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی یا مشترکہ طور پر یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام ضروری کارروائیاں، امور اور معاملات انجام دیں اور قانونی، کارپوریٹ اور طریقہ کار کی تمام رسمی کارروائیاں پوری کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، اور وہ تمام دستاویزات/ ریٹرنز جمع کرائیں، جو اس قرارداد کو نافذ کرنے کے لیے ضروری، موزوں اور مطلوب ہوں۔"

**ایجنڈا نمبر 6**

مندرجہ ذیل قرارداد پر غور و خوض کرنا اور اگر مناسب ہو تو، منظور کرنا:

'' **یہ فیصلہ کیا گیا کہ** (چیئرمین کے دستخط کے ساتھ پیش کردہ) اسکیم آف ارینجمنٹ (مسودہ) کے مطابق (i) (الف) ڈیجی کیش یونٹ اور (ب) سولر یونٹ کی پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ (کمپنی) سے تقسیم/علیحدگی، (ii)، اور ڈیجی کیش یونٹ کا سیرزما (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں انضمام؛ اور (iii) سولر یونٹ کا پی ایس او ری نیوایبل انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ انضمام، اور اس سے متعلق تمام ضمنی امور، جو سندھ ہائی کورٹ، کراچی کی جانب سے عائد کردہ کوئی بھی ترامیم/تبدیلیوں یا شرائط سے مشروط ہے، نیز کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعات 279 سے 282 اور دیگر قابلِ اطلاق دفعات کے مطابق سندھ ہائی کورٹ، کراچی کی منظوری سے مشروط ہے بذریعہ ہٰذا منظور اور اختیار کیے جاتے ہیں۔

"**مزید یہ فیصلہ کیا گیا کہ** مذکورہ بالا کو عملی جامہ پہنانے کے مقصد کے لیے، مینیجنگ ڈائریکٹر اور سی ای او اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ ہٰذا انفرادی یا مشترکہ طور پر یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام ضروری کارروائیاں، امور اور معاملات انجام دیں، جو اس قرارداد کے من و عن نفاذ کے لیے ضروری اور موزوں سمجھے جائیں۔"

## پول کے لیے ہدایات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ براہ کرم متعلقہ خانے میں (✓) کا نشان لگا کر اپنے ووٹ کا اظہار کریں۔ | | |
| 2۔ اگر دونوں خانوں میں (✓) کا نشان لگایا گیا ہو تو آپ کا ووٹ **"مسترد"** سمجھا جائے گا۔ | | |
| میں/ہم اس قرارداد کے حوالے سے بیلٹ کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کرتا ہوں/کرتے ہیں اور نیچے دیے گئے متعلقہ خانے میں (✓) کا نشان لگا کر قرارداد کے حق یا مخالفت میں اپنی رائے ظاہر کرتا/کرتے ہیں؛ | | |
| **قراردادیں** | **میں/ ہم قرارداد کے حق میں ہیں (ہاں)** | **میں/ ہم قرارداد کے مخالفت میں ہیں (نہیں)** |
| ایجنڈا آئٹم نمبر 5 کے لیے قرارداد | | |
| ایجنڈا آئٹم نمبر 6 کے لیے قرارداد | | |

1۔ ووٹ شدہ بیلٹ پیپر کو بنام چیئرمین، بورڈ آف مینجمنٹ، پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ، پی ایس او ہاؤس، خیابانِ اقبال، کلفٹن، کراچی پر بھیجنا ہوگا، یا ای میل کے ذریعے amir.ali@psopk.com پر بھیجا جائے گا۔

2۔ شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی فوٹو کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

3۔ بیلٹ پیپر کو کاروباری اوقات کے دوران، 23 اکتوبر 2024ء سے پہلے یا اس تاریخ پر چیئرمین کے پاس پہنچ جانا چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

4۔ بیلٹ پیپر پر موجود دستخط کا شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مماثل ہونا لازمی ہے۔

5۔ نامکمل، بغیر دستخط، غلط طور پر بھرا گیا، خستہ حال، پھٹا ہوا، خراب یا کانٹ چھانٹ شدہ بیلٹ پیپر مسترد کر دیے جائیں گے۔

6۔ کسی ادارے، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کا نمائندہ ہونے کی صورت میں بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ، مجاز شخص کے شناختی کارڈ کی نقل، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ مختار نامے وغیرہ کی مصدقہ فوٹو کاپی منسلک ہونا لازمی ہے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 138 یا 139 کے مطابق ضروری ہے۔

7۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.psopk.com پر بھی موجود ہے۔ اراکین ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

________________________

**شیئر ہولڈر/نمائندے کے دستخط/مجاز دستخط کنندہ**

(کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں براہِ مہربانی کمپنی کی مہر لگائیں)

تاریخ: __________________